discipleship essentials

سبق کے اہم اجزاء

مسیحی عقائد

سبق -2 خدائے واحد

دنیا میں کئی واحدت پرست مذاہب ہیں یعنی وہ ایک خدا کی پرستش کرتے ہیں۔ دوسرے واحد پرست مذاہب سے مسیحیت کا کیا فرق ہے؟ وہ کونسا عقیدہ ہے جو ہمیں باقی مذاہب سے منفرد پہچان کا حامل بناتا ہے؟

یہ ایمان رکھنا کہ ایک ہی سچا واحد خدا ہے جسکا وجود تین شخصیتوں میں ہے مسیحی زندگی پر کیسے اثرانداز ہوتا ہے؟ تثلیث کے عقیدے پر ایمان رکھنا ایک ایماندار کی روزانہ زندگی میں کیوں فرق ڈالتا ہے؟

لوگوں کی کچھ جماعتیں ہیں جو ایک خاص ایمان سے میل نہیں کھاتیں بلکہ اس بات پر زور دیتی ہیں کہ وہ روحانی ہیں۔ وہ خدا پر ایمان رکھنے کا اقرار کرتی ہیں اور یہ جانتے ہیں کہ کوئی فوق الفطرت قوت ہے جو آسمان میں ہے۔ کیا اسے آپ ایسے مسیحی عقیدے کے واحد خدا کو مانتے ہیں؟۔

یقیناً نہیں۔ بائبل مقدس کے ایک سچے خدا کو ماننے کا مطلب ہے کہ آپ ایک خاص خدا کا اعتراف کرتے ہیں جو خود کو خاص طریقے سے ظاہر کرتا ہے۔ وہ کوئی عمومی روحانی مبہم دیوتا نہیں۔

خدا کی فطرت کے مکاشفہ کو مسیحی روایت کیسے بیان کرتی ہے؟۔ ویسٹ منسٹر کی دینی تعلیم میں دو سوالیہ بات سمجھنے میں ہماری مدد کرتے ہیں۔

سوال۔5 کیا ایک سے زیادہ خدا ہیں؟ جواب۔ صرف ایک ہی خدا ہے جو زندہ اور سچا خدا ہے۔

سوال۔6 خدا کی ذات میں کتنی شخصیتیں ہیں؟ جواب۔ خدا کی ذات میں تین شخصیتیں ہیں: باپ۔ بیٹا اور روح القدس؛ یہ تینوں ایک ہی خدا کی شخصیتیں ہیں۔ جو ایک ہی جوہر سے ہیں وہ قوت اور جلال میں برابر ہیں۔

یہ سوالات خدائے ثالوث یعنی 'تثلیث' کو بیان کرتے ہیں۔ واحد خدا کی تین شخصیتوں کے تصور نے صدیوں سے لوگوں کو پریشان کر رکھا ہے۔ اس تصور کو ماننا مشکل ہے۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ ہم اس مضمون سے گریز کریں یا تثلیث اور اپنی زندگیوں میں اسکے عمل دخل کو سمجھنے کی کوشش چھوڑ دیں۔

مسئلۂ تثلیث کا کیا مسئلہ ہے؟ یہ بات ہمارے لئے اشد ضروری کیوں ہے کہ خداوند یسوع ہمارے لئے انتہائی بہترین کیوں ہے کہ وہ کامل خدا اور کامل انسان ہیں؟۔ ہماری زندگی میں سکونت کرنے والا روح القدس کامل خدا ہے۔

تثلیث کی سچائی کے کئی عمل دخل ہیں جو ہمارے دل کو توقف اور پرستش سے معمور کر دیتے ہیں۔ اول۔ ذرا سوچئے کہ خدا نے ہم پر خود کو باپ کی صورت میں ظاہر کیا۔ وہ ہمارا باپ نہیں ہو سکتا اگر خداوند یسوع اسکا بیٹا نہ ہوتا۔ جب ہم باپ اور بیٹے کے رشتے کو دیکھتے اور سراہتے ہیں جیسا کہ کلامِ مقدس میں ظاہر ہوتا ہے تو ہم خود کو خدا کے خاندان میں بطور خدا کے بچّوں کا مقام رکھنے پر حیران ہو سکتے ہیں۔

پرانے عہدنامہ میں عبرانی لوگ خدا کا ایسا قریبی نظریہ رکھتے تھے۔ اسکی بادل اور آگ کے ستون میں موجودگی۔ نبیوں کے وسیلے اسکی آواز اور اسکی معجزانہ مداخلت۔ فعّال اور زندہ خدا کی موجودگی کے یقینی نشانات تھے۔

بائبل مقدس کے واحد سچّے خدا پر ایمان رکھنے کا مطلب ہے کہ آپ خاص خدا کا اقرار کرتے ہیں جو خاص طریقے سے اپنا اظہار کرتا ہے اور جو عوامی روحانی دیوتا کی طرح غیر مبہم نہیں۔

تین شخصیتوں میں واحد خدا کا تصور صدیوں سے لوگوں کیلئے پریشانی کا باعث رہا ہے۔ اس تصور کو سمجھنا مشکل ہے لیکن اسکا مطلب یہ نہیں کہ ہم اس موضوع سے گریز کریں یا تثلیث کو اور اپنی زندگیوں پر اسکے عمل دخل کو سمجھنے کی کوشش چھوڑ دیں۔

جب خداوند یسوع دنیا میں آئے تو لوگ مجسم خدا کے ساتھ چلتے پھرتے رہے۔ بہت سارے یہ نہ سمجھ سکے کہ وہ کیا دیکھ رہے تھے۔ لیکن ہم خدا کے کلام میں پڑھتے ہیں اور حیران ہوتے ہیں کہ پرانے عہدنامے کا وہی خدا اپنی مخلوق کے درمیان چل پھر رہا تھا۔ جو اُن کے ساتھ رہتا تھا اور اُن کی خاطر جان دے گا۔

جب خداوند یسوع آسمان پر چلے گئے تو انہوں نے اپنے شاگروں سے وعدہ کیا کہ وہ اُن کیلئے روح القدس بھیجیں گے۔ یہ اُن کیلئے کوئی دوسرے درجے کا مددگار نہ تھا۔ یہ تو وہی تھے یعنی اُن کے باپ دادا کے خدا، جو اُن کے ہر شخص کے اندر سکونت کرے گا۔ حیران کُن!

اضافی طور پر سچ تو یہ ہے کہ خدا کا ہمیشہ تین شخصیتوں میں ہونا مقامِ سکون ہے۔ ہمیں کبھی بھی اس بات کی فکر کرنے کی ضرورت نہیں کہ کونسا خدا ہمیں دستیاب ہے۔ حاکمِ کُل بادشاہ باپ۔ مصلوب اور آسمان پر جانے والا یسوع اور عظیم مددگار ہمیشہ موجود ہے۔ اور ہماری ضرورت کے وقت حاضر رہتا ہے۔

ہمارے لئے اپنی آنکھوں سے تثلیث کی حقیقت کو دیکھنا اور یہ احساس کہ کامل خدا باپ کی صورت میں ہمارے درمیان ہے جو خداوند یسوع کی شخصیت میں تھا اور روح کے اعتبار سے ہمارے باطن میں سکونت کرتا ہے یہ ہمارے لئے شادمانی کا باعث ہے اور ہمیں پُر امید زندگی بخشتا ہے۔ اضافی طور پر سچ تو یہ ہے کہ خدا کا ہمیشہ تین شخصیتوں میں ہونا مقامِ سکون ہے۔ ہمیں کبھی بھی فکر کرنے کی ضرورت نہیں کہ کونسا خدا ہمیں دستیاب ہے۔ حاکمِ کُل بادشاہ باپ۔ مصلوب اور آسمان پر جانے والا عظیم مددگار ہمیشہ موجود ہے اور ہماری ضرورت کے وقت حاضر رہتا ہے۔

جب آپ مسیحیوں کے خدا کا دوسرے ملحد مذاہب کے خداؤں سے مقابلہ کرتے ہیں کہ اُن کے خدا (دیوتا) درجاتی ہیں۔ وہ شاید صرف جنگجو دیوتا ہوں۔ یا ناراض دیوتا ہوں۔ یا ایسا دیوتا جس کو مل نہیں سکتے۔ لیکن تثلیث میں بائبل مقدس کا خدا بطور خالق اپنے لوگوں پر ظاہر ہوتا ہے یعنی باپ کی صورت میں۔ محافظ کی صورت میں۔ معلّم کی صورت میں۔ مددگار کی صورت میں۔ منجی کی صورت میں۔ منصف کی صورت میں۔ دوست کی صورت میں۔ مشیر کی صورت میں اور بلاشبہ ہر اس بات میں جس کی ہمیں ضرورت ہوتی ہے۔ اور وہ ہمیں اپنی بادشاہی کیلئے اچھی طرح تیار کرتا ہے۔

تثلیث کا کسی صورت میں انکار کرنا ایسا ہی ہے جیسے بائبل کے خدا کے سچے ایمان سے منکر ہونا ہے۔ جب ہم خدا کے اپنے باپ ہونے کو مسترد کرتے ہیں یا انکار کرتے ہیں کہ مسیح اچھے استاد کے علاوہ کچھ نہ تھے یا روح القدس کے اعتراف سے منکر ہوتے ہیں جو اپنے جوہر۔ قوت اور جلال میں خدا کے برابر ہیں تو ہم جھوٹا عقیدہ رکھتے ہیں اور مسیحیت کو مسترد کرتے ہیں۔

تثلیث کا عقیدہ قبول کرنا مشکل ہے۔ لیکن جب ایمان سے اسے اپنا لیتے ہیں تو یہ زندگی کے ہر پہلو میں سکون اور شادمانی عنایت کرتا ہے۔ یہ ایسا عقیدہ ہے جو قابلِ مطالعہ ہے۔ یہ دعا کرنے کیلئے احسن ہے اور قابلِ قبول ہے۔

اعادہ:

- جبکہ بہت سارے مذاہب ایک خدا کو مانتے ہیں ۔صرف مسیحت ہی ہے جو خدائے ثالوث یعنی باپ ۔بیٹا اور روح القدس کی قائل ہے ۔

- تثلیث کے کسی حصے میں خدائے کامل کو نہ ماننا بائبل کے خدا سے انکار کے مترادف ہے ۔

- حق بات تو یہ ہے کہ ذات اِلٰہی متواتر ۔کامل اور ہمیشہ لاتبدیل ہے جسکی تثلیث یقین دہانی کراتی ہے ۔ذات اِلٰہی میں شخصیتوں کی ادلا بدلی نہیں ہوتی ۔تینوں شخصیتیں ہمیشہ موجود رہتی ہیں اور ہر ایک چیز جس کی ہمیں ضرورت ہے وہ لوگوں کیلئے دستیاب ہیں ۔

- تثلیث کے عقیدے کا مشکل ہونا اس بات کیلئے بہانہ نہیں کہ اس کا مطالعہ ہی نہ کیا جائے اور اسے سمجھا نہ جائے ۔تثلیث کی سچائی میں خدا کی بھلائی کا مطالعہ کریں اور شادمان ہوں ۔

اپنی بات کیجئے۔

- خدا کی ذات میں وہ کونسی شخصیت ہے جس کو سمجھنا اور اس پر ایمان لانا مشکل ہے؟ خدا سے دعا کرتے ہوئے درخواست کریں کہ وہ خود آپ پر اپنی فطرت کو افشاں کرے۔ اس سے کہیں کہ وہ اس سچائی کو آپ کی زندگی میں عملی طور پر ہونے دے۔

- تثلیث کے متعلق آپ کو کیسے سکھایا گیا ہے؟ آپ کسی کو کیسے بتائیں گے کہ خدا تو ایک ہے مگر اس کی تین شخصیتیں ہیں؟۔

کتاب مقدس کی آیات کا ترجمہ پاکستان بائبل سوسائٹی کے ترجمے کے مطابت کیا گیا ہے۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں۔

۲۰۱۹۔ ٹرانس ورلڈ ریڈیو کا باقی کا تمام مواد کسی بھی طریقے سے استعمال کیا جا سکتا ہے بشرطیکہ آپ اُسے دُنیا کو مسیح سے متعارف کرانے میں استعمال کریں۔ اور دوسروں سے اس مٹیریل کے استعمال کی قیمت وصول نہ کریں۔ لائسنس کی تفصیلات کیلئے دی گئی ویب سائٹ پر دیکھئے
www.discipleshipessentials.org/licensing